نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی ٹیمیں متحرک، قبل از وقت کپاس کی بوائی پر کاروائی

چک 14/11L چیچہ وطنی ضلع ساہیوال میں قبل از وقت کاشتہ کپاس کو تلف کر دیا گیا

کپاس کی 15 اپریل سے قبل بوائی پر دفعہ-144 نافذ کی گئی تا کہ آنے والی فصل کو کیڑے مکوڑوں سے بچایا جاسکے

لاہور: 27 فروری 2017 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حکومت پنجاب کی طرف سے آئندہ آنے والی کپاس کی فصل کو ضرررساں کیڑوں سے بچانے کے لئے دفعہ-144 نافذ کی جا چکی ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب نے چک 14/11L چیچہ وطنی ضلع ساہیوال میں 30 ایکڑ رقبے پر قبل از وقت کپاس کاشت کرنے پر کاروائی کرتے ہوئے فصل کو تلف کر دیا ہے۔ اس تلفی کا مقصد پورے علاقے میں آنے والی کپاس کی فصل کو کیڑے مکوڑوں سے بچانا ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا ہے کہ قبل از وقت کاشت سے کپاس کے علاقے میں کیڑے مکوڑے ایک وبائی صورت اختیار کر لیتے ہیں اور انہیں کنٹرول کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کی ٹیمیں متحرک ہیں اور کپاس کی 15 اپریل سے قبل بوائی پر کاروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں تاکہ آف سیزن مینجمنٹ فارمولا کے تحت آئندہ کپاس کی فصل کو کیڑے مکوڑوں سے بچایا جاسکے۔

☆☆☆